

Jesus Film Project®
A Cru Ministry

# یسوع کو جاننا

فلم یسوع کا استعمال کرتے ہوئے اپنی نئی
بشارتی جماعت کوقائم کرنا

# یسوع کو جاننا

## اپنی نئی بشارتی
## جماعت قائم کرنا

یسوع کے لیے لوگوں تک پہنچنے کے لیے فلم یسوع کا استعمال کرنے کی عظیم مہم جوئی میں خوش آمدید، اُنھیں ایمان میں شاگرد بنائیں، پھر ایمان کی ایک نئی جماعت قائم کریں، اور اِس جماعت کی تضریب کاری کریں!

والیم ٤۔٠

Knowing Jesus

Jesus Film Project®
A Cru Ministry

# خدا آپ کو آپ کے اپنے لوگوں کے گروہ کے درمیان آپ کی اپنی زبان میں اپنی بادشاہی کی تعمیر کے لیے ایک حیرت انگیز طریقے سے استعمال کرنا چاہتا ہے۔

یوحنا رسول مکاشفہ کی کتاب میں لکھتے ہین:

٩ اِس کے بعد مَیں نے ایک ہجوم دیکھا جو اِتنا بڑا تھا کہ اُسے گنا نہیں جا سکتا تھا۔ اُس میں ہر ملت، ہر قبیلے ہر قوم اور ہر زبان کے افراد سفید لباس پہنے ہوئے تخت اوربرئے کے سامنے کھڑے تھے۔ اُن کے ہاتھوں میں کھجور کی ڈالیاں تھیں۔ ١٠ اور وہ اونچی آواز سے چلّا چلّا کر کہہ رہے تھے، "نجات تخت پر بیٹھے ہوئے ہمارے خدا اور برئے کی طرف سے ہے۔"
(مکاشفہ ٩:٧-١٠)!

اِس ہجوم میں دنیا کی ہر زبان اور گروہ کے تمجید کرنے والے لوگ شامل ہوں گے۔ وہ اپنی اپنی زبانوں میں، اور اُن طریقوں سے جو اُن کی اپنی ثقافتوں کی انفرادیت کا اظہار کرتے ہیں، تمجید اور حمد گا رہے ہوں گے۔

یسوع نے متی کی انجیل کی آخری آیات میں کہا:

١٩ اِس لئے جاؤ، تمام قوموں کو شاگرد بنا کر اُنہیں باپ، اور بیٹے اور رُوح القدس کے نام سے بپتسمہ دو۔ ٢٠ اور اُنہیں یہ سکھاؤ کہ وہ اُن تمام احکام کے مطابق زندگی گزاریں جو مَیں نے تمہیں دیئے ہیں۔ اور دیکھو،
مَیں دنیا کے اختتام تک ہمیشہ تمہارے ساتھ ہوں (متی ١٩:٢٨-٢٠)۔

وہ ہمیں کہتےہیں کہ جاؤ، شاگرد بناؤ، اُنہیں بپتسمہ دو، اور اُنہیں سکھاؤ۔ اگر ہم اُس کے حکم کی تعمیل کرنے جا رہے ہیں، تو اِن شاگردوں کے بڑھنے کی بہترین جگہ ایک جماعت میں یا ایمانداروں کے چھوٹے گروہ میں ہیں۔

**فلم یسوع انجیل کا منادی کرنے کا ایک بہترین ذریعہ ہے۔ آپ پڑوسیوں، خاندان اور دوستوں کو فلم دکھا سکتے ہیں، اور بہت سے لوگ یسوع کی پیروی شروع کر دیں گے اور نجات پائیں گے۔ لیکن اُنہیں صرف یسوع کے بارے میں بتانے سے زیادہ، آپ اپنے عزیز دوست اور خاندان جو ایمان میں آتے ہیں، فلم یسوع کے ٦١ حصّوں کو استعمال کرتے ہوئے اُن کی زندگی، اُن کی تعلیمات، تمثیلیں جو اُس نے سکھائیں، وہ معجزات جو اُس نے کیے، نیز اُس کی دعائیں، آزمائش، موت اور جی اُٹھنے کے بارے میں جاننے میں اُن کی مدد کر کے اُن کے ایمان میں اضافہ کر سکتے ہیں۔**

# ۰۱

# پہلا قدم

**آپ نئی بشارتی جماعت کہاں قائم کرنا چاہتے ہیں؟**

**کیا کوئی گاؤں یا آس پاس کے علاقے ہیں جنھیں مسیح کے بارے میں جاننے کی ضرورت ہے؟**

اوّل، آپکو اُس جگہ "سلامتی کے فرزند" کو تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔ لوقا ۶:۱۰، یسوع اپنے شاگردوں میں سے ۷۲ کو اپنے پیغام کو پہنچانے کے لئے بھیجتا ہے، ہر جگہ جہاں وہ جائیں سلامتی کے فرزند کی تلاش کریں۔ یہ وہ شخص ہے جس کی اچھی شہرت ہے اور اُس کے پاس دوستوں اور خاندان والوں کا مضبوط جنبہ ہے جسے وہ فلم یسوع دیکھنے کے لیے مدعو کر سکتے ہیں۔

ہم تجویز کرتے ہیں کہ آپ اُس شخص کے ساتھ اپنا تعلق بنائیں، با آسانی یاد رہنے والے تین عملی اقدامی کے ساتھ جو بلاشبہ طور پر انہیں یسوع کے بارے میں واضح طور پر بتانے کا موقع فراہم کریں گے۔

### الف۔ دُعا کریں

ہم اُس سلامتی کے فرزند کے لئے دعا کریں۔ دعا کریں کہ خُدا آپ کو دکھائے کہ وہ شخص کون ہے — کوئی ایسا شخص جو آپ کو اپنے خاندان اور دوستوں سے متعارف کروا سکے۔ پھر جیسے ہی آپ اُس شخص کو جانتے ہیں، پوچھیں کہ آپ اُن کے لیے کیسے دعا کر سکتے ہیں۔ لوگ خوش ہوتے ہیں کہ یسوع کے ماننے والے اُنکی ضروریات کے لیے دعا کر یں۔
فلم یسوع کے حصّہ ۲۵ اور ۲۶ میں، یسوع دعا کے بارے میں تعلیم دیتے ہیں۔

### ب۔ فکر کریں

جب ہم اُس نئے دوست کے لیے دعا کرتے اور اُس کی ضروریات کو سمجھنا شروع کرتے ہیں، تو ہم یہ ظاہر کر سکتے ہیں کہ ہم اُس کی بات سن کر اور اُس کی جسمانی ضروریات پوری کر کے اُس کی فکر کرتے ہیں۔ فلم یسوع کے حصّہ ۳۱ میں، یسوع نیک سامری کا واقعہ سناتے ہیں اور سکھاتے ہیں کہ ہمیں اپنے پڑوسیوں کا خیال کیسے رکھنا چاہیے۔ یسوع بہت سے معجزات میں اِس قسم کی فکر کا مظاہرہ کرتے ہیں جو آپ فلم یسوع میں دیکھیں گے۔

### ج۔ بیا ن کریں

جب ہم لوگوں کی بات سنتے اور اُن کی ضروریات کو پورا کرنے میں مدد کرتے ہیں، تو ہمیں یسوع کی خوشخبری بیان کرنے کا موقع ملتا ہے۔ فلم یسوع حصّہ ۳۳ میں، یسوع دوست بناتا ہے اور زکائی کو خوشخبری سناتا ہے۔

۰۲

# دوسرا قدم

## فلم یسوع دیکھائیں

اپنے سلامتی کے فرزند کے ساتھ، ۱۰ یا اِس سےزائد لوگوں کو فلم یسوع دیکھنے کے لیے مدعو کریں، غالباً سلامتی کے فرزند کے گھر پر۔ آپ کو معلوم ہو سکتا ہے کہ اور بھی بہت سے لوگ آنا چاہیں گے! ٹیکنالوجی کے اِس دور میں فلم یسوع دکھانے کے بہت سے طریقے ہیں۔

چند ایک یہ ہیں:

۱۔ اگر آپ کے پاس Jesus Film® بیگ کا مکمل سامان ہے، تو اِسے بڑی اسکرین، تو اِس کا کھلی جگہ پر اہتمام کرنے کے لیے استعمال کریں! بہت سے لوگ فلم دیکھنا چاہیں گے!

۲۔ اگر آپ کے پاس فلیٹ اسکرین ٹی وی موجود ہے جس میں یو ایس بی لگانے کی سہولت ہے، تو اپنے سلامتی کے فرزند کے گھر میں فلم یسوع دکھانے کے لیے فلیش ڈرائیو (یو ایس بی) کا استعمال کریں۔

۳۔ اگر آپ کے پاس ٹیبلیٹ کے ساتھ بلوٹوتھ اسپیکر موجود ہے، تو آپ ۲۰ لوگوں تک کے چھوٹے گروہ کو فلم یسوع دکھا سکتے ہیں۔
لوگ اپنی زبان میں یسوع کی کہانی کو دیکھنے اور سننے کے لیے پرجوش ہوں گے!

فلم کے اختتام پر، مزید ملاقات کے لیے اپنے سامعین کو دو دعوت نامے پیش کریں۔

سب سے پہلے، اُنہیں یسوع مسیح کو نجات دہندہ کے طور پر قبول کرنے کا موقع دیں۔ (بہت سے لوگ اُسی وقت یسوع کو قبول کریں گے!) دوسرا، اُنہیں یسوع کے بارے میں مزید بات کرنے کے لیے اگلے دن واپس آنے کی دعوت دیں کیونکہ بہت سے دوسرے لوگ دلچسپی لیں گے لیکن اُن کے پاس بہت سے سوالات ہوں گے۔

اب بہترین حصّہ آتا ہے!

۰۳

# تیسرا قدم

## نئی بشارتی جماعت یا چھوٹا گروہ

اِس بات سے قطع نظر کہ جن لوگوں نے یہ فلم دیکھی ہے اُنہوں نے یسوع کو اپنے نجات دہندہ کے طور پر قبول کیا یا نہیں، اُنہیں یسوع کے بارے میں مزید بات کرنے کے لیے اگلے دن یا شام کو واپس آنے کی دعوت دیں۔

اِس ملاقات میں، (اور اِس کے بعد ہونے والی تمام ملاقاتوں میں)، آپ یسوع کے بارے میں مزید جاننے اور اُس کے بارے میں بات کرنے کے لیے فلم یسوع کے ٦١ حصّوں کا استعمال کریں گے۔

اگلے سال کے دوران، آپ کا نیا گروہ مسیح میں بڑھے گا۔ اور، اِس طور سے، وہ ایک دوسرے کے لیے اپنی محبت میں اضافہ کریں گے اور اُس محبت کو اپنی جماعت اور دوسری جماعتوں میں بڑھائیں گے!

اپنی پہلی ملاقات سے، یہ گروہ کے نئے ارکان بشارتی جماعت میں زندگی کا تجربہ کریں گے۔ ہم ہر ملاقات کے لیے جو طریقہ استعمال کریں گےاُسے "تین تہائی" (۳/۳) کہا جاتا ہے۔

# تین۔ تہائی

شاگردیت کا تربیتی مرحلہ

## پیچھے دیکھنا

- ایک دوسرے کی فکر کرنا۔ پوچھیں ”آپ کیسے ہیں؟“
- عبادت
- وفاداری کا جشن منائیں
- جوابدہی اور جائزہ
- ترغیب اور حوصلہ افزائی • رویا بیان کرنا

## اُوپر دیکھنا

- نیا سبق
- فرمانبرداری پر مبنی بائبلی مطالعہ۔
- مل کر یسوع کے بارے میں سیکھنا

## آگے دیکھنا

- بشارتی کام کے لئے تیاری کرنا
- کہانی پر عمل کرنا
- اِس ہفتے کون بیان کرے گا؟
- بشارتی کام کے لئے دُعاکرنا

٠٤

# چوتھا قدم

## تضریب کاری

فلم یسوع کے حصّہ ١٧ میں، یسوع پھل لانے کی تعلیم دیتا ہے۔ اِس وقت، آپ کا چھوٹا گروہ ایک اور نئی جماعت قائم کرنے کے پہلے قدم کے ساتھ دوبارہ آغاز کرنے کے لیے تیار ہو جائے گا!

وہ پہلے ہی ابلیس پر یسوع کی طاقت، فطرت پر اُس کی طاقت، بیمار لوگوں کو شفا دینے کی اُس کی طاقت، گناہ معاف کرنے، یسوع کے ماننے والوں کے کردار اور یسوع کے پھل لانے کی توقع کے بارے میں پہلے ہی جان چکے ہوں گے۔

ہو سکتا ہے آپ نے پہلے ہی ایک کلیدی پیروکار کی شناخت کر لی ہو، آپ کا تمتھیس، جو اِس نئے گروہ کی قیادت کر سکے گا۔ اُس کی مدد کریں کہ وہ ١-٤ کےاقدام پر عمل کریں تاکہ نئی تضریب کار جماعت شروع ہو سکے!

ہم دعا کرتے ہیں کہ خُدا آپ کو برکت دے کیونکہ آپ اُس پر بھروسہ کرتے ہیں کہ وہ آپ کو اُس کی عظیم بادشاہی کی توسیع کے حصّے کے طور پر استعمال کرے گا!

# ۲ یسوع کو جاننے کی تربیت سے گزرنے کے دو طریقے:

فلم یسوع کے حصّوں کے ذریعے اپنی نئی بشارتی جماعت کی رہنمائی
کے لیے اِس نصاب کو استعمال کرنے کے دو طریقے ہیں۔

**۱۔ شروع سے آخر تک (طریقہ ۱)**
فلم یسوع کو مکمل طور پر دکھانے کے بعد (اوپر دیا گیا دوسرا قدم)، یسوع کو جاننے کی تربیت کو استعمال کرنے کا پہلا طریقہ یہ ہے کہ ایک گروہ بنائیں اور اُن لوگوں کو لے جائیں جنہوں نے فلم یسوع میں شرکت کی تھی، فلم کے ذریعے، حصّہ بہ حصّہ، شروع سےآخر تک دوبارہ دہرائیں ۔ یہ فلم یسوع میں موجودواقعات اور تعلیمات کو تقویت دینے کا ایک بہترین طریقہ ہے!

**۲۔ بنیاد سازی (طریقہ ۲)**
یسوع کو جاننے کی تربیت کو استعمال کرنے کا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ آپ کی جماعت کے نئے اراکین کو اُن کے عقیدے کی گہرائی میں کچھ کلیدی بنیادی اصولوں سے شروع کرنا شامل ہے۔ سالوں سے، کیمپس کروسڈ فار کرائسٹ ®(جس تنظیم نے فلم یسوع تیار کی)، نے نئے ایمانداروں کو اُن کے عقیدے میں قائم کرنے میں مدد کے لیے "قابل منتقل تصورات" کے عنوان سے کئی اسباق تیار کیے ہیں۔ یہ قابل منتقلی تصورات فلم یسوع کے مختلف حصّوں میں بیان کیے گئے ہیں۔

براہ کرم غور کریں کہ قابل منتقلی تصورات کا ایک مکمل تحریری مسودہ
www.cru.org/us/en/train-and-grow/transferable-concepts پر آن لائن پڑھا جا سکتا ہے۔ آپ ویب سائٹ پر
اِس QR کوڈ کو بھی فالو کر سکتے ہیں۔

**اگر طریقہ ۲ استعمال کر رہے ہیں، تو آپ پہلے حصّہ کے آٹھ اسباق کی ترتیب بدل دیں گے۔ (اگلے صفحے پر آٹھ حصّوں کی فہرست اور نظر ثانی شدہ ترتیب ہے جس میں آپ کو اپنے گروہ کی رہنمائی کرنی چاہیے۔)**
**ایک بار جب آپ یہ آٹھ غیر منظم حصّے مکمل کر لیں، تو یسوع کو جاننے والے نصاب کے آغاز پر واپس جائیں، اور پھر اِس کا شروع سے آخر تک (گویا کہ آپ طریقہ ۱ شروع کر رہے ہیں) تفصیلاً دیکھیں۔**

**اِس صورت میں، آپ ان آٹھ اسباق میں سے ہر ایک کو (بطور جائزہ) دوسری بار دہرائیں گے۔**

# بُنیاد سازی (طریقہ ۲)
# حصّوں کی ترتیب:

**حصّہ ٦١ – "آپ کیسے یقین کر سکتے ہیں کہ آپ مسیحی ہیں۔"**
اگر آج آپ مر جائیں، تو کیا آپ کو یقین ہے، بغیر کسی شک کے، کہ آپ آسمان پر جائیں گے؟ ("یسوع کوشخصی طور پر جاننے کی دعوت کا کلپ استعمال کریں")

**حصّہ ١٤ - "آپ خدا کی محبت اور معافی کا تجربہ کیسے کر سکتے ہیں"**
کیا آپ کو کبھی کبھی یہ یقین کرنا مشکل ہوتا ہے کہ آپ کو یسوع مسیح میں اپنے گناہوں کی مکمل معافی حاصل ہے؟ ذہنی طور پر آپ اِس پر یقین رکھتے ہیں، لیکن جو آپ کے دل میں ہے اُس بارے میں کیا ہے؟ ("گنہگار عورت کی معافی" کا کلپ استعمال کریں)

**حصّہ ٢٦ - "آپ روح القدس سے معمور کیسے ہو سکتے ہیں"**
بہت سےمسیحوں نے کبھی بھی پُر اثر اور آزاد کرنے والا پیغام نہیں سنا ہے کہ روح القدس سے معمور کیسے ہواجائے۔ ("دُعا اور ایمان کے بارے میں تعلیم" کا کلپ استعمال کریں)

**حصّہ ٨ - "آپ ایک پھل دار گواہ کیسے بن سکتے ہیں"**
بہت سے مسیحی حیران ہیں کہ وہ دوسروں کو مسیح میں آتے ہوئے کیوں نہیں دیکھ پاتے ہیں۔ تاہم، ہم جہاں بھی جائیں یسوع کے لیے پھل دار اثر ڈال سکتے ہیں۔ (کلپ "مچھلی پکڑ نے کا معجزہ" کا استعمال کریں)

**حصّہ ٦٠ - "آپ کیسے ارشادِ اعظم کی تکمیل کرنے میں مدد کر سکتے ہیں"**
خوشخبری ہر قوم تک پہنچائی جانی ہے: خوشخبری کا اثر اور لوگوں کو یسوع کے بارے میں بتانے کی خوشی۔ (کلپ "ارشادِ اعظم اوریسوع کا آسما ن پر اُٹھا یا جانا" کا استعمال کریں)

**حصّہ ٣١ - "آپ ایمان سے محبت کیسے کر سکتے ہیں"**
نیک سامری دوسروں سے محبت کرنے میں ایمان کے مضبوط کردار کو ظاہر کرتا ہے۔ ("نیک سامری کی تمثیل" کا کلپ استعمال کریں)

**حصّہ ٢٥ - "آپ کیسے اعتماد کے ساتھ دعا کر سکتے ہیں"**
کیا آپ نے کبھی غور کیا ہے کہ آپ کو کائنات کی سب سے طاقتور ہستی تک فوری رسائی حاصل ہے؟ ("دُعائے ربانی" کا کلپ استعمال کریں)

**حصّہ ٣٨ - "آپ کیسے دینے کی مہم جوئی کا تجربہ کر سکتے ہیں"**
ایک انتہائی دلچسپ مہم جوئی جس کا آپ تجربہ کر سکتے ہیں وہ ہے ایمان کے ذریعے دینے کی مہم جوئی۔ ("بیوہ کے نذرانہ" کا کلپ استعمال کریں)

# حصّہ ۱: ابتداء۔ پیدائش

## ایک دوسرے کی فکر کریں
– ایک دوسرے کے لئے دُعا کریں
– اپنی زندگیوں سے بیان کریں (صحت کے مسائل، خاندان، مالیات، روحانی ضروریات، کھیل، وغیرہ)۔

## مل کر جشن منائیں۔
– گانے، ساز، رقص یا گواہیوں کے ساتھ
– عبادت

## اپنے گروہ اور ایک دوسرے کے لئے رویا بیان کریں
– کہ ہم مسیح کے بہترین گواہ ہوں
– کہ ہماری جماعت خدا کے نزدیک آجائے

## دینا اور بانٹنا
– خُدا نے آپکو جو کچھ دیا ہے اُس میں سے دوسروں کی مدد کریں

پیچھے دیکھیں

## تعارف
فلم یسوع کا یہ حصّہ ہمیں بتاتا ہے کہ خدا نے کس طرح پوری کائنات بشمول زمین، پودوں، جانوروں اور انسانوں کو تخلیق کیا۔ یہ واقعہ بتاتا ہے کہ آدؔم اور حوّا نے کیسے گناہ کیا اور خدا کے خلاف بغاوت کی اور اُن کے گناہ کے نتائج کیا تھے۔ ہم سیکھتے ہیں کہ کس طرح خدا نے ابرہاؔم سے وعدہ کیا اور ایک نجات دہندہ کا وعدہ کیا جو دنیا کو گناہ سے رہائی دے گا۔

قدم ۱ اِس حصّہ کو دو مرتبہ دیکھیں۔
قدم ۲ گروہ کے رُکن سے کہیں کہ وہ اِ س حصّہ کے واقع کو اپنے الفاظ میں بیان کریں۔
قدم ۳ گروہ کو اجازت دیں کہ واقعہ میں کوئی بات رہ گئی ہو یا کوئی درستگی ہو تو وہ کریں۔
قدم ٤ گفتگو کے سوالات:

۱۔ واقعہ کے بارے میں آپ کو سب سے زیادہ کیا پسند آیا؟ کونسی چیز آپ کی توجہ کا مرکز رہی؟
۲۔ بائبل کا آغاز تمام چیزوں کی تخلیق سے ہوتا ہے۔ خدا کے منصوبے میں زمین کیوں اہم ہے؟
۳۔ بائبل مقدس کیا کہتی ہے کہ خدا نے آدؔم اور حوّا کس وجہ سے بنایا؟
٤۔ آدؔم اور حوّا کے ساتھ کیا ہوا؟ باغ میں اُن کے اعمال کے نتائج کیا تھے؟
۵۔ چونکہ خُدا اب بھی انسانوں سے محبت کرتا تھا، اُس نے اُن کے ساتھ اپنا تعلق بحال کرنے کا منصوبہ بنایا تھا۔ ابرؔہام کی زندگی کا کون سا واقعہ (اِس فلمی حصّے میں) ظاہر کرتا ہے کہ خدا کے منصوبے میں کیا شامل ہوگا؟
٦۔ خُدا نے کس سے وعدہ کیا تھا کہ وہ اپنے لوگوں کے گناہ کی قربانی کے طور پر آئے گا؟

## نتیجہ
خُدا نے انسانوں کو اپنی صورت پر بنایا تاکہ اُس سے محبت کریں اور مسرورہوں، لیکن انسان نے خُدا کے خلاف گناہ کیا اور اُس سے جُدا ہو گئے۔ خُدا نے بنی نوع انسان کے ساتھ اپنا تعلق بحال کرنے کا منصوبہ بنایا تھا۔ اِس منصوبے میں ایک وعدہ شدہ مسیحا شامل تھا: یسوع مسیح، جو گناہ کا کفارہ ادا کرے گا۔

اُوپر دیکھیں

اپنے سمارٹ فون پر یہ حصّے دیکھنے کے لیے اِس کوڈ کا استعمال کریں۔ دیگر زبانوں میں فلم یسوع ویب سائٹ پر دستیاب ہیں

## اطلاق
اپنے گروہ میں اکھٹے بیان کریں کہ آپ کیسے ایمان رکھتے ہیں کہ خدا آپ کو جواب دے گا۔

ایک دوسرے کوواقع سنانے کی مشق کریں (قدم ۲ سے)۔

آج کا واقعہ دوسروں کو بیان کریں اور اُنہیں اپنے اگلے گروہ کی ملاقات کے وقت آنے کی دعوت دیں۔

دُعا
- آج ہم نے جو کچھ سیکھا اُس کے لیے خدا کا شکر کریں۔
- ہماری جماعت میں دوسروں کے لیے دعا کریں۔
- اپنے گروہ میں ایک دوسرے کے لیے دعا کریں۔

آگے دیکھیں

# حصّہ ۲: یسوع کی پیدائش (لوقا ۱:۲۶-۳۳؛ ۲:۱-۷)

پیچھے دیکھیں

## ایک دوسرے کی فکر کریں

– ایک دوسرے کے لئے دُعا کریں
– اپنی زندگیوں سے بیان کریں (صحت کے مسائل، خاندان، مالیات، روحانی ضروریات، کھیل، وغیرہ)-

## مل کر جشن منائیں

– گانے، ساز، رقص یا گواہیوں کے ساتھ
– عبادت

## اپنے گروہ اور ایک دوسرے کے لئے رویا بیان کریں

– کہ ہم مسیح کے بہترین گواہ ہوں
– کہ ہماری جماعت خدا کے نزدیک آجائے

## دینا اور بانٹنا

– خُدا نے آپکو جو کچھ دیا ہے اُس میں سے دوسروں کی مدد کریں

---

اُوپر دیکھیں

## تعارف

ہر ایک کی سالگرہ ہوتی ہے۔ ہر کوئی ایک ہی انداز سےزندگی میں داخل ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ یسوع۔ یسوع خدا کا بیٹا ہے جس کی بشریت کا اندازہ اُسکا باقی سب کی طرح دنیا میں آنے سے کیا جاسکتا ہے۔ اُس نے یہ ہماری انسانیت میں شریک ہونے کے لیے کیا اور یہ ظاہر کرنے کے لیے کیا کہ وہ نہ صرف خدا ہے بلکہ انسان بھی ہے۔

قدم ۱ اِس حصّہ کو دو مرتبہ دیکھیں۔
قدم ۲ گروہ کے رُکن سے کہیں کہ وہ اِ س حصّہ کے واقع کو اپنے الفاظ میں بیان کریں۔
قدم ۳ گروہ کو اجازت دیں کہ واقعہ میں کوئی بات رہ گئی ہو یا کوئی درستگی ہو تو وہ کریں۔
قدم ٤ گفتگو کے سوالات:

۱۔ واقعہ کے بارے میں آپ کو سب سے زیادہ کیا پسند آیا؟ کونسی چیز آپ کی توجہ کا مرکز رہی؟
۲۔ مریم کا ردعمل کیا تھا جب فرشتے نے کہا کہ وہ مسیحا کو جنم دے گی؟
۳۔ آپ کیا سمجھتے ہیں کے جبرائیل فرشتہ نے کیوں کہا کہ بچہ مولودِمقدس ہوگا؟
٤۔ آپ کیا سمجھتے ہیں کے یسوع کا کنواری سے پیدا ہونا کیوں اہم تھا؟
٥۔ یسوع کا بیت لحم میں پیدا ہونا کیوں اہم تھا؟ (میکاہ ۲:٥ پڑھیں)
٦۔ مریم اور یوسف نے یسوع کی پیدائش کے واقعات کے دوران خُدا پر کیسے بھروسہ کیا؟

اپنے سمارٹ فون پر یہ حصّے دیکھنے کے لیے اِس کوڈ کا استعمال کریں۔ دیگر زبانوں میں فلم یسوع ویب سائٹ پر دستیاب ہیں

## نتیجہ

- یہ یسوع کی نہ صرف اُس کی پیدائش، بلکہ حمل میں ہونا منفرد تھا۔
- مریم اور یوسف دونوں نے یسوع کی پیدائش کے وقت خدا پر بھروسہ کیا۔
- یسوع کی کنواری مریم سے پیدائش اُسکو خدا اور انسان دونوں تھا ثابت کرتی ہے۔
- یسوع، بطور بیٹا، باپ کے ساتھ دنیا، فرشتوں، یا کسی دوسری چیز کی تخلیق سے پہلے موجود تھا۔

## اطلاقی سوالات

کیا اِس حصّہ نے یسوع کی شناخت کے بارے میں ا آپ کی سوچ کو بدلا؟ اگر ہاں، تو کیسے؟

---

آگے دیکھیں

## اطلاق

اپنے گروہ میں اکھٹے بیان کریں کہ آپ کیسے ایمان رکھتے ہیں کہ خدا آپ کو جواب دے گا۔

ایک دوسرے کوواقع سنانے کی مشق کریں (قدم ۲ سے)۔

آج کا واقعہ دوسروں کو بیان کریں اور اُنہیں اپنے اگلے گروہ کی ملاقات کے وقت آنے کی دعوت دیں۔

دُعا

– آج ہم نے جو کچھ سیکھا اُس کے لیے خدا کا شکر کریں۔
– ہماری جماعت میں دوسروں کے لیے دعا کریں۔
– اپنے گروہ میں ایک دوسرے کے لیے دعا کریں۔

# حصّہ ۳: یسوع کا بچپن (لوقا ۲:۴۱-۵۲)

## ایک دوسرے کی فکر کریں

- ایک دوسرے کے لئے دُعا کریں
- اپنی زندگیوں سے بیان کریں (صحت کے مسائل، خاندان، مالیات، روحانی ضروریات، کھیل، وغیرہ)-

## مل کر جشن منائیں

- گانے، ساز، رقص یا گواہیوں کے ساتھ
- عبادت

## اپنے گروہ اور ایک دوسرے کے لئے رویا بیان کریں

- کہ ہم مسیح کے بہترین گواہ ہوں
- کہ ہماری جماعت خدا کے نزدیک آجائے

## دینا اور بانٹنا

- خُدا نے آپکو جو کچھ دیا ہے اُس میں سے دوسروں کی مدد کریں

پیچھے دیکھیں

---

## تعارف

یسوع نے ہمارے لیے ایک مثال چھوڑی ہے کہ ہمیں اپنی نجی زندگی میں کیسے بڑھنا ہے۔ یہ حوالہ ظاہر کرتا ہے کہ وہ اپنے والدین کا فرمانبردار تھا۔ وہ خدا کا فرمانبردار تھا اور خُدا کی اور اِنسان کی مقبُولیّت میں ترقّی کرتا گیا۔ ایک سبق جو ہم سیکھ سکتے ہیں وہ یہ ہے کہ زندگی کے سفر کے دوران اپنے کردار کو بہتر بنانا ضروری ہے۔

قدم ۱ اِس حصّہ کو دو مرتبہ دیکھیں۔
قدم ۲ گروہ کے رُکن سے کہیں کہ وہ اِ س حصّہ کے واقع کو اپنے الفاظ میں بیان کریں۔
قدم ۳ گروہ کو اجازت دیں کہ واقعہ میں کوئی بات رہ گئی ہو یا کوئی درستگی ہو تو وہ کریں۔
قدم ٤ گفتگو کے سوالات:

۱۔ واقعہ کے بارے میں آپ کو سب سے زیادہ کیا پسند آیا؟ کونسی چیز آپ کی توجہ کا مرکز رہی؟
۲۔ بوڑھے شخص (شمعون) نے یسوع کے بارے میں کیا کہا؟
۳۔ یسوع نے اُستادوں کو کیسے حیران کیا؟ یہ کیوں غیر معمولی تھا؟
٤۔ یہ حوالہ کیسے بیان کرتا ہے کہ یسوع صرف خُدا ہی نہیں بلکہ "مکمل انسان" بھی ہے؟
۵۔ مریم اور یوسف نے کیسے ظاہر کیا کہ وہ پرانے عہد نامہ کے مذہبی رسومات کے مطابق یسوع کی پرورش کر رہے ہیں؟
٦۔ یسوع خدا کو کس نام سے پُکارتا ہے؟ اِس سے ہمیں کیا پتا چلتا ہے کہ وہ اِس عمر میں اپنے بارے میں کیا جانتا تھا؟

## نتیجہ

یوسف اور مریم نے یسوع کی پرورش میں خُدا کی فرمانبرداری کی، اُسے عید فسح پر لے کر گئے، بطور والدین ہمارے لیے ایک اچھی مثال چھوڑی۔ ہم جانتے ہیں کہ بائبل مقدس بیان کرتی ہے یسوع ۱۲ سال کی عمر میں، اپنی زندگی کے مقصد کو جان چُکا تھا۔ خُدا نے ہمیں یسوع کے بچپن کا یہ احوال، یہ بتانے کے لیے چھوڑا کہ وہ کیسے بڑا ہوا، لیکن اُس کے بارے میں جو کچھ لکھا گیا ہے اُس میں سے زیادہ تر اُس کی بالغ زندگی اور خدمت سے متعلق ہے، جسے خُدا چاہتا ہے کہ ہم جانیں۔

اُوپر دیکھیں

اپنے سمارٹ فون پر یہ حصّے دیکھنے کے لیے اِس کوڈ کا استعمال کریں۔ دیگر زبانوں میں فلم یسوع ویب سائٹ پر دستیاب ہیں

---

## اطلاق

اپنے گروہ میں اکھٹے بیان کریں کہ آپ کیسے ایمان رکھتے ہیں کہ خدا آپ کو جواب دے گا۔

ایک دوسرے کوواقع سنانے کی مشق کریں (قدم ۲ سے)۔

آج کا واقعہ دوسروں کو بیان کریں اور اُنہیں اپنے اگلے گروہ کی ملاقات کے وقت آنے کی دعوت دیں۔

دُعا

- آج ہم نے جو کچھ سیکھا اُس کے لیے خدا کا شکر کریں۔
- ہماری جماعتجماعت میں دوسروں کے لیے دعا کریں۔
- اپنے گروہ میں ایک دوسرے کے لیے دعا کریں۔

آگے دیکھیں

# حصّہ ٤: یوحنا پپتسمہ دینے والے کے ہاتھوں یسوع کا بپتسمہ (لوقا ۳:۲۱-۲۲)

پیچھے دیکھیں

## ایک دوسرے کی فکر کریں

- ایک دوسرے کے لئے دُعا کریں
- اپنی زندگیوں سے بیان کریں (صحت کے مسائل، خاندان، مالیات، روحانی ضروریات، کھیل، وغیرہ)۔

## مل کر جشن منائیں

- گانے، ساز، رقص یا گواہیوں کے ساتھ
- عبادت

## اپنے گروہ اور ایک دوسرے کے لئے رویا بیان کریں

- کہ ہم مسیح کے بہترین گواہ ہوں
- کہ ہماری جماعت خدا کے نزدیک آجائے

## دینا اور بانٹنا

- خُدا نے آپکو جو کچھ دیا ہے اُس میں سے دوسروں کی مدد کریں

---

اُوپر دیکھیں

## تعارف

لوقا کی انجیل کا یہ حصّہ یسوع کی عوامی خدمت سے شروع ہوتا ہے۔ یسوع یوحنا سے بپتسمہ لینے کے لیے گلیل سے دریائے یردن تک گیا تھا۔ یسوع نے یوحنا نے سے بپتسمہ اپنے گناہ کے ملال ظاہر کرنے کے لئے نہیں لیا، کیونکہ اُس نے کبھی گناہ نہیں کیا۔ اُس نے بپتسمہ لیا تاکہ تمام دنیا کو یہ ظاہر کر سکے کہ وہ اپنی زندگی اور موت دونوں میں ہماری نمائندگی کر رہا ہے۔

قدم ١ اِس حصّہ کو دو مرتبہ دیکھیں۔
قدم ٢ گروہ کے رُکن سے کہیں کہ وہ اِ س حصّہ کے واقع کو اپنے الفاظ میں بیان کریں۔
قدم ٣ گروہ کو اجازت دیں کہ واقعہ میں کوئی بات رہ گئی ہو یا کوئی درستگی ہو تو وہ کریں۔
قدم ٤ گفتگو کے سوالات:

١۔ واقعہ کے بارے میں آپ کو سب سے زیادہ کیا پسند آیا؟ کونسی چیز آپ کی توجہ کا مرکز رہی؟
٢۔ آپ کے خیال میں یو حنا کس کے بارے میں بات کر رہا تھا جب اُس نے کہا کہ لوگوں کو "توبہ کرنا چاہیے؟"
٣۔ چونکہ یسوع نے کبھی گناہ نہیں کیا تھا، آپ کیا سمجھتے ہیں کہ وہ کیوں بپتسمہ لینا چاہتا تھا؟
٤۔ جب خُدا نے آسمان سے بات کی تو آپ کے خیال میں خُدا یسوع سے کیوں خوش تھا؟
٥۔ بائبل سکھاتی ہے کہ خدا تین شخصیات میں موجود ہے، پھر بھی وہ ایک ہے۔ اِسے "تثلیث فی التوحید" کہا جاتا ہے۔ کیا آپ اِس حوالے سے تثلیث فی التوحید کے تینوں اقانیم تلاش کر سکتے ہیں؟ وہ کون ہیں؟
٦۔ یوحنا کیا کہتا ہے کہ یسوع کی زندگی کا مقصد کیا ہوگا؟

اپنے سمارٹ فون پر یہ حصّے دیکھنے کے لیے اِس کوڈ کا استعمال کریں۔ دیگر زبانوں میں فلم یسوع ویب سائٹ پر دستیاب ہیں

## نتیجہ

یسوع کو کسی بھی گناہ کی خاطر بپتسمہ لینے کی ضرورت نہیں تھی، اُس نے لوگوں کے درمیان شناخت حاصل کرنے کے لیے بپتسمہ لیا تھا۔ بائبل میں "توبہ" کا مطلب یسوع کے بارے میں اپنا خیال بدلنا اور ایک نئے انداز میں جینا ہے۔ ہم یہاں سیکھتے ہیں کہ یسوع کی خدمت کا مقصد دنیا کے گناہ کو دور کرنا ہے۔

---

## اطلاق

اپنے گروہ میں اکھٹے بیان کریں کہ آپ کیسے ایمان رکھتے ہیں کہ خدا آپ کو جواب دے گا۔

ایک دوسرے کوواقع سنانے کی مشق کریں (قدم ٢ سے)۔

آج کا واقعہ دوسروں کو بیان کریں اور اُنہیں اپنے اگلے گروہ کی ملاقات کے وقت آنے کی دعوت دیں۔

دُعا

- آج ہم نے جو کچھ سیکھا اُس کے لیے خدا کا شکر کریں۔
- ہماری جماعت میں دوسروں کے لیے دعا کریں۔
- اپنے گروہ میں ایک دوسرے کے لیے دعا کریں۔

آگے دیکھیں

# حصّہ ٥: ابلیس یسوع کو آزماتا ہے (لوقا ٤:١-١٣)

پیچھے دیکھیں

## ایک دوسرے کی فکر کریں
- ایک دوسرے کے لئے دُعا کریں
- اپنی زندگیوں سے بیان کریں (صحت کے مسائل، خاندان، مالیات، روحانی ضروریات، کھیل، وغیرہ)-

## مل کر جشن منائیں
- گانے، ساز، رقص یا گواہیوں کے ساتھ
- عبادت

## اپنے گروہ اور ایک دوسرے کے لئے رویا بیان کریں
- کہ ہم مسیح کے بہترین گواہ ہوں
- کہ ہماری جماعت خدا کے نزدیک آجائے

## دینا اور بانٹنا
- خُدا نے آپکو جو کچھ دیا ہے اُس میں سے دوسروں کی مدد کریں

---

اُوپر دیکھیں

## تعارف
کیا چیز یسوع کو تمام بنی نوع انسان جو اب تک زندہ رہے ہیں اُن میں منفرد بناتی ہے؟ کیا یہ اُس کی تعلیمات تھی؟ اُس کے معجزات؟ شاید، لیکن ایک چیز جو یسوع کو ہر دوسرے شخص سے الگ کرتی ہے وہ یہ حقیقت ہے کہ اُس نے کبھی گناہ نہیں کیا، قول و فعل دو نوں میں۔ اگرچہ ابلیس نے یسوع کو گناہ میں پھسانے کی کوشش کی، لیکن وہ کامیاب نہیں ہوا۔ یہ پہلا موقع ہے جب نئے عہد نامے میں ابلیس کا ذکر کیا گیا ہے۔ اگر وہ یسوع کو گناہ پر آمادہ کر سکتا تھا، (جیسا کہ اُس نے آدؔم اور حوّاؔ کے ساتھ کیا تھا)، تو ابلیس نسل انسانی کو بچانے کے لیے خدا کے منصوبے کو تباہ کر دیتا۔

قدم ١ اِس حصّہ کو دو مرتبہ دیکھیں۔
قدم ٢ گروہ کے رُکن سے کہیں کہ وہ اِ س حصّہ کے واقع کو اپنے الفاظ میں بیان کریں۔
قدم ٣ گروہ کو اجازت دیں کہ واقعہ میں کوئی بات رہ گئی ہو یا کوئی درستگی ہو تو وہ کریں۔
قدم ٤ گفتگو کے سوالات:

١۔ واقعہ کے بارے میں آپ کو سب سے زیادہ کیا پسند آیا؟ کونسی چیز آپ کی توجہ کا مرکز رہی؟
٢۔ ابلیس نے کن طریقوں سے یسوع کو آزمانے کی کوشش کی۔ وضاحت کریں۔
٣۔ جب ابلیس یسوع کو آزماتا ہے تو بائبل کا حوالہ دینا کیوں ضروری تھا؟
٤۔ یہ حقیقت کیسے ثابت ہوتی ہے کہ یسوع نے آزمائش کا مقابلہ کرنے سے ثابت کیا کہ وہ خدا کا بیٹا ہے؟
٥۔ آپ کے خیال میں یہ کیوں اہم ہے کہ یسوع نے کوئی گناہ نہیں کیا تھا؟
٦۔ جب ہم آزمائے جائیں تو ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

اپنے سمارٹ فون پر یہ حصّے دیکھنے کے لیے اِس کوڈ کا استعمال کریں۔ دیگر زبانوں میں فلم یسوع ویب سائٹ پر دستیاب ہیں

## نتیجہ
یسوع نے اپنی زندگی میں کوئی گناہ نہ کر کے ثابت کیا ہے کہ وہ خدا کا بیٹا ہے۔ یسوع بائبل مقد س سےحوالاجات بیان کرتے ہیں تاکہ اُن کو آزمائش کا مقابلہ کرنے میں مدد ملے۔ ابلیس نے یسوع کو اُس وقت آزمایا جب وہ کمزور تھا۔ ابلیس زندگی کے مختلف پہلوؤں میں لوگوں کو مسلسل آزماتا رہتا ہے۔ نتیجاً، جب ہم آزمائش میں ہوتے ہیں تو یسوع ہی ہماری مدد کرتا ہے۔

---

## اطلاق
اپنے گروہ میں اکھٹے بیان کریں کہ آپ کیسے ایمان رکھتے ہیں کہ خدا آپ کو جواب دے گا۔

ایک دوسرے کوواقع سنانے کی مشق کریں (قدم ٢ سے)۔

آج کا واقعہ دوسروں کو بیان کریں اور اُنہیں اپنے اگلے گروہ کی ملاقات کے وقت آنے کی دعوت دیں۔

دُعا
- آج ہم نے جو کچھ سیکھا اُس کے لیے خدا کا شکر کریں۔
- ہماری جماعت میں دوسروں کے لیے دعا کریں۔
- اپنے گروہ میں ایک دوسرے کے لیے دعا کریں۔

آگے دیکھیں

# حصّہ ٦: یسوع صحائف کی تکمیل کی مُنادی کرتا ہے۔ (لوقا ٤:١٦-٣٠)

پیچھے دیکھیں

## ایک دوسرے کی فکر کریں
- ایک دوسرے کے لئے دُعا کریں
- اپنی زندگیوں سے بیان کریں (صحت کے مسائل، خاندان، مالیات، روحانی ضروریات، کھیل، وغیرہ)۔

## مل کر جشن منائیں۔
- گانے، ساز، رقص یا گواہیوں کے ساتھ
- عبادت

## اپنے گروہ اور ایک دوسرے کے لئے رویا بیان کرنا
- کہ ہم مسیح کے بہترین گواہ ہوں
- کہ ہماری جماعت خدا کے نزدیک آجائے

## دینا اور بانٹنا
- خُدا نے آپکو جو کچھ دیا ہے اُس میں سے دوسروں کی مدد کریں

---

اُوپر دیکھیں

## تعارف
یسوع کے متعلق لوگوں کا مختلف ردعمل ہوتا ہے۔ کچھ لوگ اُس کی تعلیمات کو تو قبول کرتے ہیں لیکن اُس نجات کو نہیں جو وہ پیش کرتا ہے۔ کچھ لوگ کبھی بھی یسوع کے بارے میں نہیں سوچتے۔ اور افسوس کی بات ہے کہ کچھ لوگ اُسے رد کردیتے ہیں، جیسا کہ لوگوں نے اُس کےساتھ اُسکے اپنے آبائی شہر ناصرت میں کیا تھا۔

قدم ۱ اِس حصّہ کو دو مرتبہ دیکھیں۔
قدم ۲ گروہ کے رُکن سے کہیں کہ وہ اِ س حصّہ کے واقع کو اپنے الفاظ میں بیان کریں۔
قدم ۳ گروہ کو اجازت دیں کہ واقعہ میں کوئی بات رہ گئی ہو یا کوئی درستگی ہو تو وہ کریں۔
قدم ٤ گفتگو کے سوالات:

۱۔ واقعہ کے بارے میں آپ کو سب سے زیادہ کیا پسند آیا؟ کونسی چیز آپ کی توجہ کا مرکز رہی؟
۲۔ جب یسوع یسعیاہ ٦١ کے حوالے کی تلاوت کرہا تھا تو وہ اپنے بارے میں کیا کہہ رہا تھا؟
۳۔ آپ کے خیال میں یہ ہمیں یسوع کے بارے میں کیا بتاتا ہے کہ وہ غریبوں، اندھوں، قیدیوں اور مظلوموں کے بارے میں فکر مند ہے؟
٤۔ جب یسوع آیت ١٨ میں "خوشخبری" کا جملہ استعمال کرتا ہے، تو آپ کے خیال میں اُس کا کیا مطلب ہے؟ کیا آپ ایک اور لفظ سے واقف ہیں جو بائبل استعمال کرتی ہے جس کا مطلب ہے، "خوشخبری"؟
٥۔ یسوع آیت ١٨ میں ذکر کرتا ہے کہ "خداوند کی روح مجھ پر ہے۔" اب تک ہم نے یسوع کی زندگی میں روح القدس کو اور کہاں دیکھا ہے؟
٦۔ آپ کے خیال میں لوگوں نے یسوع کو کیوں رد کیا؟ اُس کا انکار اُن کے دلوں کے بارے میں کیا ظاہر کرتا ہے؟ اُنہوں نے یسوع کے خلاف کیا کارروائی کی؟

اپنے سمارٹ فون پر یہ حصّے دیکھنے کے لیے اِس کوڈ کا استعمال کریں۔ دیگر زبانوں میں فلم یسوع ویب سائٹ پر دستیاب ہیں

## نتیجہ
یسوع نے اپنی عوامی خدمت کا آغاز خود کو بطور عہد نامہ قدیم کا مسیحا ظاہر کرتے ہوئے کیا۔ یسوع کو لوگوں کی جسمانی اور روحانی ضروریات دونوں کی فکر ہے۔ خُدا چاہتا ہے کہ لوگ اُس کے بیٹے پر ایمان لائیں تاکہ وہ اپنے گناہوں سے نجات پا کر اُس کی بادشاہی میں داخل ہوں۔

---

آگے دیکھیں

## اطلاق
اپنے گروہ میں اکھٹے بیان کریں کہ آپ کیسے ایمان رکھتے ہیں کہ خدا آپ کو جواب دے گا۔

ایک دوسرے کوواقع سنانے کی مشق کریں (قدم ۲ سے)۔

آج کا واقعہ دوسروں کو بیان کریں اور اُنہیں اپنے اگلے گروہ کی ملاقات کے وقت آنے کی دعوت دیں۔

دُعا
- آج ہم نے جو کچھ سیکھا اُس کے لیے خدا کا شکر کریں۔
- ہماری جماعت میں دوسروں کے لیے دعا کریں۔
- اپنے گروہ میں ایک دوسرے کے لیے دعا کریں۔

# حصّہ ۷: فریسی اور محصول لینے والے کی تمثیل (لوقا ۱۸:۹-۱۴)

پیچھے دیکھیں

## ایک دوسرے کی فکر کریں
- ایک دوسرے کے لئے دُعا کریں
- اپنی زندگیوں سے بیان کریں (صحت کے مسائل، خاندان، مالیات، روحانی ضروریات، کھیل، وغیرہ)-

## مل کر جشن منائیں
- گانے، ساز، رقص یا گواہیوں کے ساتھ
- عبادت

## اپنے گروہ اور ایک دوسرے کے لئے رویا بیان کریں
- کہ ہم مسیح کے بہترین گواہ ہوں
- کہ ہماری جماعت خدا کے نزدیک آجائے

## دینا اور بانٹنا
- خُدا نے آپکو جو کچھ دیا ہے اُس میں سے دوسروں کی مدد کریں

---

اُوپر دیکھیں

## تعارف
عام طور پر لوگ کیسے خدا کے نزدیک آتے ہیں؟ بنیادی طور پر دو طریقے ہیں: یا تو قواعد کی فہرست پر عمل کرنے یا ایمان رکھنے سے۔ مسیحت کے علاوہ ہر مذہب کے پاس ایک فہرست یا قواعد موجود ہیں جو خدا کے ساتھ راستبازی میں چلنے کے لیے اِن پر عمل پیرا ہونا ضروری ہے۔ اِس کے برعکس، مسیحت، واحد ایمان کا طریق عمل ہے جو ایمان کے ذریعے۔۔ نہ کہ اُس کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے قوانین پر عمل کر کے خُدا تک پہنچتا ہے۔ مسیحت إقرار کرتی ہے کہ خدا کے ساتھ راست بازی ظاہر کرنے کا واحد طریقہ یہ ہے خدا نے مسیح میں ہمارے لئے کیا کیا ہے۔ ہم اِس حصّے میں دیکھنے والے ہیں، کہ ایک "فریسی" اسرائیل میں ایک مذہبی رہنما ہے جو لوگوں کو خدا کے بارے میں تعلیم دینے کا ذمہ دار تھا۔ اُنہیں بہت سے قواعد و ضوابط کا لحاظ کھنا پڑتا تھا۔ اِس کی وجہ سے وہ خود کو اُن لوگوں سےاعلٰی محسوس کرتے جن کی اُنہیں فکر کرنی چاہیے تھی۔

قدم ۱ اِس حصّہ کو دو مرتبہ دیکھیں۔
قدم ۲ گروہ کے رُکن سے کہیں کہ وہ اِ س حصّہ کے واقع کو اپنے الفاظ میں بیان کریں۔
قدم ۳ گروہ کو اجازت دیں کہ واقعہ میں کوئی بات رہ گئی ہو یا کوئی درستگی ہو تو وہ کریں۔
قدم ٤ گفتگو کے سوالات:

۱۔ واقعہ کے بارے میں آپ کو سب سے زیادہ کیا پسند آیا؟ کونسی چیز آپ کی توجہ کا مرکز رہی؟
۲۔ محصول لینے والوں سے بنی اسرائیل نفرت کرتے تھے کیونکہ وہ ا ن پر مسلط رومی حکومت کے لیے کام کرتے تھے اور لوگوں کو زیادہ محصول ادا کرنے پر مجبور کرتے تھے۔ آپ کے خیال میں یسوع نے اِس واقعہ کے لیے محصول لینے والے کو کیوں چنا؟
۳۔ جب فریسی دعا کرتا ہے تو اُس کا رویہ کیا ہوتا ہے؟ وہ کیوں دوسرے لوگوں کو حقیر سمجھتاہے؟
٤۔ محصول لینے والے کا رویہ کیا ہے؟ وہ خدا سے اپنے لیے کیا مانگتا ہے؟
۵۔ آپ کے خیال میں لفظ "راست باز ٹھہرے" کا کیا مطلب ہے؟ (رومیوں ۱:۵ دیکھیں)
٦۔ آپ کے خیال میں اِس واقعہ میں موجود دو آدمیوں میں سے کون خدا کے نزدیک راست ہو کر گھر گیا؟ کیوں؟

اپنے سمارٹ فون پر یہ حصّے دیکھنے کے لیے اِس کوڈ کا استعمال کریں۔ دیگر زبانوں میں فلم یسوع ویب سائٹ پر دستیاب ہیں

## نتیجہ
مسیحت انسان سے یہ تقاضا نہیں کرتی ہے کہ وہ خُدا کے ساتھ راست بازی سے چلنے کے لئے کسی بھی اصول پر عمل پیرا ہو۔ صرف ایمان۔ تکبر لوگوں کو خدا سے دور رکھتا ہے کیونکہ وہ خدا پر بھروسہ کرنے کے بجائے خود پر بھروسہ کرتے ہیں۔ خُدا عاجز لوگوں پر رحم کرتا ہے جب وہ مانگتے ہیں۔

---

آگے دیکھیں

## اطلاق
اپنے گروہ میں اکھٹے بیان کریں کہ آپ کیسے ایمان رکھتے ہیں کہ خدا آپ کو جواب دے گا۔

ایک دوسرے کوواقع سنانے کی مشق کریں (قدم ۲ سے)۔

آج کا واقعہ دوسروں کو بیان کریں اور اُنہیں اپنے اگلے گروہ کی ملاقات کے وقت آنے کی دعوت دیں۔

دُعا
- آج ہم نے جو کچھ سیکھا اُس کے لیے خدا کا شکر کریں۔
- ہماری جماعت میں دوسروں کے لیے دعا کریں۔
- اپنے گروہ میں ایک دوسرے کے لیے دعا کریں۔

# حصّہ ۸: معجزانہ طور پر مچھلی پکڑنا (لوقا ۵:۱-۱۱)

## ایک دوسرے کی فکر کریں
- ایک دوسرے کے لئے دُعا کریں
- اپنی زندگیوں سے بیان کریں (صحت کے مسائل، خاندان، مالیات، روحانی ضروریات، کھیل، وغیرہ)-

## مل کر جشن منائیں
- گانے، ساز، رقص یا گواہیوں کے ساتھ
- عبادت

## اپنے گروہ اور ایک دوسرے کے لئے رویا بیان کریں
- کہ ہم مسیح کے بہترین گواہ ہوں
- کہ ہماری جماعت خدا کے نزدیک آجائے

## دینا اور بانٹنا
- خُدا نے آپکو جو کچھ دیا ہے اُس میں سے دوسروں کی مدد کریں

پیچھے دیکھیں

---

## تعارف-آپ کیسے پھلدار گواہ بن سکتے ہیں
یسوع نے یہ معجزہ اپنے شاگردوں پر یہ ظاہر کرنے کے لیے کیا کہ وہ مسیحا ہے، اور وہ اُس کی پیچھے چلیں اور "آدمیوں کے ماہی گیر" بنیں۔ اُنہوں نے پہچان لیا کہ یسوع ہی مسیحا ہے، اور وہ اپنے جال چھوڑ کر اُس کے پیچھے ہولئے۔ زندگی میں لوگوں کے لیے ماہی گیری کی مہم جوئی سے زیادہ دلچسپ اور روحانی طور پر فائدہ مند کوئی تجربہ نہیں ہے۔ جب آپ یسوع کی ہدایات پر عمل کرتے ہیں، تو آپ کا جال بھی بھرسکتا ہے- چاہے آپ نے کبھی بھی کسی کو مسیح سے متعارف نہیں کروایا ہو۔ آپ پطرس کی طرح شکی ہوسکتے ہیں۔ لیکن اگر آپ فرمانبردار بھی ہیں، تو خداوند آپ کو بہت سے لوگوں کو یسوع کے ماننے والے بنانے کے لیے استعمال کرے گا۔

اُوپر دیکھیں

قدم ۱ اِس حصّہ کو دو مرتبہ دیکھیں۔
قدم ۲ گروہ کے رُکن سے کہیں کہ وہ اِ س حصّہ کے واقع کو اپنے الفاظ میں بیان کریں۔
قدم ۳ گروہ کو اجازت دیں کہ واقعہ میں کوئی بات رہ گئی ہو یا کوئی درستگی ہو تو وہ کریں۔
قدم ٤ گفتگو کے سوالات:

۱۔ واقعہ کے بارے میں آپ کو سب سے زیادہ کیا پسند آیا؟ کونسی چیز آپ کی توجہ کا مرکز رہی؟
۲۔ یسوع نے پطرس کو کیا کرنے کو کہا؟ کیا یہ کوئی تجویز تھی یا حکم؟ یہ یسوع کے بارے میں کیا کہتا ہے؟
۳۔ یسوع کے الفاظ پر پطرس کا ردعمل کیا تھا؟
٤۔ آپ کے خیال میں پطرس نے کیوں کہا کہ وہ ایک "گنہگار آدمی" تھا؟ وہ یسوع کو معجزانہ طور پر مچھلیاں پکڑنے کے بعد اپنے پاس سے جانے کو کیوں کہے گا؟
۵۔ پطرس، یعقوب اور یوحنا نے یسوع کے ساتھ اپنی وابستگی کیسے ظاہر کی؟
٦۔ آپ کے خیال میں یسوع کا کیا مطلب تھا جب اُس نے کہا کہ وہ "آدمیوں کے ماہی گیر" بنیں گے؟
۷۔ کیا کچھ چیزیں ہیں جو آپ کو یسوع کے بارے میں دوسروں سے بات کرنے سے روک سکتی ہیں؟
۸۔ یسوع نے اُن سے کہا "ڈرو مت"۔ آپ کے خیال میں معجزہ دیکھنے اور یسوع کے الفاظ سننے کے بعد شاگرد کس چیز سے ڈر گئے ہوں گے؟

اپنے سمارٹ فون پر یہ حصّے دیکھنے کے لیے اِس کوڈ کا استعمال کریں۔ دیگر زبانوں میں فلم یسوع ویب سائٹ پر دستیاب ہیں

## نتیجہ
ایک پھلدار گواہ بننے کے لیے، آپ کو یقین ہونا چاہیے کہ آپ ایک مسیحی ہیں اور یہ کہ آپ کی زندگی میں کوئی ناقابلِ اقرار گناہ نہیں ہے۔ آپ کو روح القدس سے معمور ہونا چاہیے۔ یہ خیالات ہمارے پچھلے اسباق میں موجود ہیں۔ آخر میں، آپ کو خوشخبری کی کہانی سیکھ کر اپنے ایمان کا بیان کرنے کے لیے تیار رہنا چاہیے۔ آپ واقعہ کو اپنے الفاظ میں سنا سکتے ہیں یا فلم یسوع کا آخری حصّہ کسی ایسے دوست یا پڑوسی کو دکھا سکتے ہیں جسے یسوع کو جاننے کی ضرورت ہے۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ آپ کو لوگوں سے پیار کرنے اور خوشخبری سنانے کے لیے پہل کرنے کی ضرورت ہے۔ ایسے مواقع کے لیے دعا کریں اور اُمید رکھیں کہ خدا آپ کو استعمال کرے گا۔

---

## اطلاق
اپنے گروہ میں اکھٹے بیان کریں کہ آپ کیسے ایمان رکھتے ہیں کہ خدا آپ کو جواب دے گا۔
ایک دوسرے کوواقع سنانے کی مشق کریں (قدم ۲ سے)۔
آج کا واقعہ دوسروں کو بیان کریں اور اُنہیں اپنے اگلے گروہ کی ملاقات کے وقت آنے کی دعوت دیں۔
دُعا
- آج ہم نے جو کچھ سیکھا اُس کے لیے خدا کا شکر کریں۔
- ہماری جماعت میں دوسروں کے لیے دعا کریں۔
- اپنے گروہ میں ایک دوسرے کے لیے دعا کریں۔

آگے دیکھیں

# حصّہ ۹: یائر کی بیٹی کا زندہ کیا جانا (لوقا ۸:۴۰-۴۲، ۴۹-۵۶)

## ایک دوسرے کی فکر کریں
- ایک دوسرے کے لئے دُعا کریں
- اپنی زندگیوں سے بیان کریں (صحت کے مسائل، خاندان، مالیات، روحانی ضروریات، کھیل، وغیرہ)۔

پیچھے دیکھیں

## مل کر جشن منائیں
- گانے، ساز، رقص یا گواہیوں کے ساتھ
- عبادت

## اپنے گروہ اور ایک دوسرے کے لئے رویا بیان کریں
- کہ ہم مسیح کے بہترین گواہ ہوں
- کہ ہماری جماعت خدا کے نزدیک آجائے

## دینا اور بانٹنا
- خُدا نے آپکو جو کچھ دیا ہے اُس میں سے دوسروں کی مدد کریں

## تعارف
غم ایک عام انسانی جذبہ ہے۔ اِس واقعہ میں ایک باپ غمزدہ ہے کیونکہ اُس کی بیٹی، جو بیمار تھی، اب مر گئی ہے۔ اُس نے یسوع سے کہا تھا کہ وہ آئیں اور اُسے شفا دیں، لیکن اب بہت دیر ہو چکی تھی۔ تاہم، یسوع اُس کو صرف ایمان رکھنے اور خوفزدہ نہ ہونے کا کہتا ہے۔ پھر یسوع نے مردہ بیٹی کو زندہ کیا، باپ کے غم کو ختم کیا۔ یسوع کے بارے میں حیرت انگیز بات یہ ہے کہ جب ہم غمگین ہوتے ہیں اگرچہ وہ ہمارے لیے کوئی معجزہ نہیں کر سکتا، لیکن وہ ہمارے دلوں کو اطمینا ن دے سکتا ہے اور غم اور دکھ کے وقت ہماری مدد کر سکتا ہے۔

اُوپر دیکھیں

قدم ۱ اِس حصّہ کو دو مرتبہ دیکھیں۔
قدم ۲ گروہ کے رُکن سے کہیں کہ وہ اِ س حصّہ کے واقع کو اپنے الفاظ میں بیان کریں۔
قدم ۳ گروہ کو اجازت دیں کہ واقعہ میں کوئی بات رہ گئی ہو یا کوئی درستگی ہو تو وہ کریں۔
قدم ٤ گفتگو کے سوالات:

۱۔ واقعہ کے بارے میں آپ کو سب سے زیادہ کیا پسند آیا؟ کونسی چیز آپ کی توجہ کا مرکز رہی؟
۲۔ آپ کے خیال میں یائر نے یسوع سے اپنی بیٹی کی مدد کے لیے کیوں منت کی؟ اِس کے بارے میں کیا کہا جا سکتا ہے کہ وہ یسوع کو کس نظر سے دیکھتے تھے؟
۳۔ یسوع نے یائر سے کیا کہا جب اُسے پتہ چلا کہ اُس کی بیٹی مری نہیں ہے؟
٤۔ لڑکی کے والدین نے کیسا ردعمل ظاہر کیا جب یسوع نے کہا کہ وہ مری نہیں بلکہ سو رہی ہے؟ آپ کے خیال میں یسوع نے یہ کیوں کہا؟
۵۔ یہ یسوع کے بارے میں کیا ظاہر کرتا ہے کہ وہ مردوں کو زندہ کر سکتا ہے؟
٦۔ آپ کے خیال میں پطرس، یعقوب اور یوحنانے اِس معجزے کو دیکھ کر کیا سوچا ہوگا؟

اپنے سمارٹ فون پر یہ حصّے دیکھنے کے لیے اِس کوڈ کا استعمال کریں۔ دیگر زبانوں میں فلم یسوع ویب سائٹ پر دستیاب ہیں

## نتیجہ
یسوع مردوں کو زندہ کرنے کی قدرت رکھتا ہے، ایک مرتبہ پھر ثابت کر رہا ہے کہ وہ خدا کا بیٹا ہے۔ یسوع غمگین لوگوں سے ہمدردی رکھتاہے۔ یسوع موت اور دکھ کے ہمارے خوف میں ہماری مدد کرتا ہے۔ یسوع ہمیں ایمان رکھنے کے لیے کہتا ہے کہ وہ ہماری آزمائشوں اور مشکلات میں ہماری مدد کرسکتا ہے۔

## اطلاق
اپنے گروہ میں اکھٹے بیان کریں کہ آپ کیسے ایمان رکھتے ہیں کہ خدا آپ کو جواب دے گا۔

ایک دوسرے کوواقع سنانے کی مشق کریں (قدم ۲ سے)۔

آج کا واقعہ دوسروں کو بیان کریں اور اُنہیں اپنے اپنے اگلے گروہ کی ملاقات کے وقت آنے کی دعوت دیں۔

آگے دیکھیں

دُعا
- آج ہم نے جو کچھ سیکھا اُس کے لیے خدا کا شکر کریں۔
- ہماری جماعت میں دوسروں کے لیے دعا کریں۔
- اپنے گروہ میں ایک دوسرے کے لیے دعا کریں۔

# حصّہ ۱۰: شاگردوں کا چُناؤ (لوقا ۱۲:۶-۱۶)

## ایک دوسرے کی فکر کریں
- ایک دوسرے کے لئے دُعا کریں
- اپنی زندگیوں سے بیان کریں (صحت کے مسائل، خاندان، مالیات، روحانی ضروریات، کھیل، وغیرہ)۔

## مل کر جشن منائیں
- گانے، ساز، رقص یا گواہیوں کے ساتھ
- عبادت

## اپنے گروہ اور ایک دوسرے کے لئے رویا بیان کریں
- کہ ہم مسیح کے بہترین گواہ ہوں
- کہ ہماری جماعت خدا کے نزدیک آجائے

## دینا اور بانٹنا
- خُدا نے آپکو جو کچھ دیا ہے اُس میں سے دوسروں کی مدد کریں

پیچھے دیکھیں

---

## تعارف
یسوع کا ہمیشہ سے یہی ارادہ تھا کہ اُس کی خدمت کوصرف وہ ہی آگے جاری رکھیں جنھوں نے اُسے قبول کیا جن کا اُس نےچُناؤ کیا اور "رسولوں" کا نام دیا۔ اِس لفظ کا مطلب "پیغمبر" ہے۔ اِس کے برعکس کہ ہم اُنہیں کیسے چُن سکتے ہیں، یسوع نے ایسے آدمیوں کا انتخاب کیا جو کم تعلیم یافتہ تھے، سخت ملازمتوں پر کام کرتے تھے، "گناہگار" تصور کیے جاتے تھے، اور بعض اوقات اُس کے لیے اپنے ایمان اور عزم میں کمزور تھے۔ یہ ہمیں دکھاتا ہے کہ یسوع کسی کو بھی استعمال کر سکتا ہے اگر وہ اُس کے پیچھے چلنے کو تیار ہوں۔

اُوپر دیکھیں

قدم ۱ اِس حصّہ کو دو مرتبہ دیکھیں۔

قدم ۲ گروہ کے رُکن سے کہیں کہ وہ اِ س حصّہ کے واقع کو اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

قدم ۳ گروہ کو اجازت دیں کہ واقعہ میں کوئی بات رہ گئی ہو یا کوئی درستگی ہو تو وہ کریں۔

قدم ٤ گفتگو کے سوالات:

۱۔ واقعہ کے بارے میں آپ کو سب سے زیادہ کیا پسند آیا؟ کونسی چیز آپ کی توجہ کا مرکز رہی؟

۲۔ آپ کے خیال میں یسوع نے اپنے بارہ رسولوں کو منتخب کرنے سے پہلے خدا سے دعا میں رات کیوں گزاری؟

۳۔ یسوع نے متی کا چُناؤ کیا، ایک محصول لینے والا جس سے اُس کے اپنے ملک کے لوگ نفرت کرتے تھے۔ یہ یسوع کے بارے میں کیا کہتا ہے؟

٤۔ آپ کے خیال میں متی محصول کی چوکی سے اُٹھ کر یسوع کے پیچھے کیوں آیا؟ متی نے یسوع کے پیچھے چلنے کے لیے کیا چھوڑا ہوگا؟

۵۔ متی، یسوع کی طرف سے بلائے جانے کے بعد، کیوں ضیافت کرے گا اور اپنے تمام دوستوں کو ملنے کی دعوت کیوں دے گا؟

٦۔ لفظ "رسول" کا مطلب ہے "پیغمبر"۔ آپ نے اب تک جو کچھ سیکھا ہے، اِسکے مطابق جب رسول خدمت کے لیے نکلتے ہیں تو اُن کا کیا پیغام ہوتا ہوگا؟

اپنے سمارٹ فون پر یہ حصّے دیکھنے کے لیے اِس کوڈ کا استعمال کریں۔ دیگر زبانوں میں فلم یسوع ویب سائٹ پر دستیاب ہیں

## نتیجہ
اگر یسوع کے لیے دعا اہم تھی، تو یہ ہمارے لیے بھی ضروری ہے۔ یسوع نے اپنے رسول مقرر کرنے کے لیے عام، یہاں تک کہ گنہگار لوگوں کو بھی چُنا۔ یسوع اپنی خدمت کو جاری رکھنے کے لیے لوگوں کو استعمال کرتا ہے۔ یسوع چاہتا ہے کہ ہم لوگوں کو اُس سے متعارف کرائیں، جیسا کہ متی نے کیا تھا۔

---

## اطلاق
اپنے گروہ میں اکھٹے بیان کریں کہ آپ کیسے ایمان رکھتے ہیں کہ خدا آپ کو جواب دے گا۔

ایک دوسرے کوواقع سنانے کی مشق کریں (قدم ۲ سے)۔

آج کا واقعہ دوسروں کو بیان کریں اور اُنہیں اپنے اگلے گروہ کی ملاقات کے وقت آنے کی دعوت دیں۔

دُعا
- آج ہم نے جو کچھ سیکھا اُس کے لیے خدا کا شکر کریں۔
- ہماری جماعت میں دوسروں کے لیے دعا کریں۔
- اپنے گروہ میں ایک دوسرے کے لیے دعا کریں۔

آگے دیکھیں

# حصّہ ۱۱: مبارکبادیاں (لوقا ۶:۲۰-۲۷)

## ایک دوسرے کی فکر کریں

- ایک دوسرے کے لئے دُعا کریں
- اپنی زندگیوں سے بیان کریں (صحت کے مسائل، خاندان، مالیات، روحانی ضروریات، کھیل، وغیرہ)۔

## مل کر جشن منائیں

- گانے، ساز، رقص یا گواہیوں کے ساتھ
- عبادت

## اپنے گروہ اور ایک دوسرے کے لئے رویا بیان کرنا

- کہ ہم مسیح کے بہترین گواہ ہوں
- کہ ہماری جماعت خدا کے نزدیک آجائے

## دینا اور بانٹنا

- خُدا نے آپکو جو کچھ دیا ہے اُس میں سے دوسروں کی مدد کریں

پیچھے دیکھیں

---

## تعارف

یسوع چاہتا ہے کہ جو لوگ اُس پر ایمان رکھتے ہیں وہ بھی اُس کے پیچھے چلیں۔ وہ جانتا ہے کہ جب ہم اُس کے پیچھے چلتے ہیں اور اُس کے احکام کی فرمانبرداری کرتے ہیں تو ہم سب سے زیادہ کامل اور بابرکت ہوتے ہیں۔ لوقا کی ا نجیل کے اِس حصّے میں، یسوع بتاتا ہے کہ اُس کے پیچھے چلنے سے پہلے لوگوں کو اپنے بارے میں سوچنا چاہیے۔ وہ اپنے پیچھے چلنے والوں کو "غریب" اور "بھوکے" کے طور پر بیان کرتا ہے۔ ہم دیکھیں گے کہ یہ دو الفاظ دل کے اُس رویے کو بیان کرتے ہیں جو یسوع کو نجات دہندہ کے طور پر قبول کرتا ہے اور خداوند کے طور پر اُس کے پیچھے چلنے کا دروازہ کھولتا ہے۔

اُوپر دیکھیں

قدم ۱ اِس حصّہ کو دو مرتبہ دیکھیں۔
قدم ۲ گروہ کے رُکن سے کہیں کہ وہ اِ س حصّہ کے واقع کو اپنے الفاظ میں بیان کریں۔
قدم ۳ گروہ کو اجازت دیں کہ واقعہ میں کوئی بات رہ گئی ہو یا کوئی درستگی ہو تو وہ کریں۔
قدم ٤ گفتگو کے سوالات:

۱۔ واقعہ کے بارے میں آپ کو سب سے زیادہ کیا پسند آیا؟ کونسی چیز آپ کی توجہ کا مرکز رہی؟
۲۔ جب یسوع "روح میں غریب" کے بارے میں بات کرتا ہے، تو وہ اُن لوگوں کے بارے میں بات کر رہا ہے جو مالی طور پر غریب ہونے کی بجائے روحانی طور پر غریب ہیں۔ آپ کے خیال میں "روحانی طور پر غریب" ہونے کا کیا مطلب ہے؟
۳۔ اِسی طرح، جب یسوع اُن لوگوں کے بارے میں بات کرتا ہے جو بھوکے ہیں، تو وہ جسمانی بھوک کی بجائے روحانی بھوک کے بارے میں بات کر رہے ہیں۔ آپ کے خیال میں "روحانی طور پر بھوک" کا کیا مطلب ہے؟
٤۔ ایسے وقت آئے گا کہ مسیحوں کو وہ لوگ پسند نہیں کرتے جومسیحی نہیں ہیں۔ جب مسیحیوں کے ساتھ برا سلوک کیا جاتا ہے تو وہ کیا جواب دیں گے؟
۵۔ یسوع کہتا ہے کہ اُس کے پیچھے چلنے والے "مبارک" ہیں اگر ستا ئے جائیں۔ جس پر ظلم ہو رہا ہو وہ ے بھلا کیس مُبارک ہو سکتا ہے؟
٦۔ جو لوگ اِس دنیا کی چیزوں سے مالا مال ہیں اُن کے لیے یسوع پر بھروسہ کرنا کیوں مشکل ہو سکتا ہے؟

اپنے سمارٹ فون پر یہ حصّے دیکھنے کے لیے اِس کوڈ کا استعمال کریں۔ دیگر زبانوں میں فلم یسوع ویب سائٹ پر دستیاب ہیں

## نتیجہ

یسوع کے پیچھے چلنے کا مطلب ہے اپنے دل میں عاجزی پیدا کرنا۔ یسوع کے پیچھے چلنے کا مطلب یہ ہے کہ آپ اُس کے احکامات کی تعمیل میں معنی اور سکون حاصل کریں گے۔ یسوع کے پیچھے چلنے کا مطلب یہ ہے کہ آپ اُن لوگوں کو معاف کر دیں گے جو آپ کے ساتھ برا سلوک کرتے ہیں۔ یسوع کے پیچھے چلنے کا مطلب یہ ہے کہ آپ آسمان کی بادشاہی کے منتظر ہیں جہاں آپ کو اپنا اجر ملے گا۔

---

## اطلاق

اپنے گروہ میں اکھٹے بیان کریں کہ آپ کیسے ایمان رکھتے ہیں کہ خدا آپ کو جواب دے گا۔
ایک دوسرے کوواقع سنانے کی مشق کریں (قدم ۲ سے)۔
آج کا واقعہ دوسروں کو بیان کریں اور اُنہیں اپنے اگلے گروہ کی ملاقات کے وقت آنے کی دعوت دیں۔
دُعا

- آج ہم نے جو کچھ سیکھا اُس کے لیے خدا کا شکر کریں۔
- ہماری جماعت میں دوسروں کے لیے دعا کریں۔
- اپنے گروہ میں ایک دوسرے کے لیے دعا کریں۔

آگے دیکھیں

# حصّہ ۱۲: پہاڑی واعظ (لوقا ٦:۲٤-٤٦)

پیچھے دیکھیں

## ایک دوسرے کی فکر کریں
- ایک دوسرے کے لئے دُعا کریں
- اپنی زندگیوں سے بیان کریں (صحت کے مسائل، خاندان، مالیات، روحانی ضروریات، کھیل، وغیرہ)۔

## مل کر جشن منائیں
- گانے، ساز، رقص یا گواہیوں کے ساتھ
- عبادت

## اپنے گروہ اور ایک دوسرے کے لئے رویا بیان کریں
- کہ ہم مسیح کے بہترین گواہ ہوں
- کہ ہماری جماعت خدا کے نزدیک آجائے

## دینا اور بانٹنا
- خُدا نے آپکو جو کچھ دیا ہے اُس میں سے دوسروں کی مدد کریں

---

اُوپر دیکھیں

## تعارف
بہت سے لوگ یسوع کو پسند کرتے ہیں۔ بہت سے لوگ اُس کی تعلیمات کو پسند کرتے ہیں۔ بہت سے لوگ چرچ جاتے ہیں کیونکہ وہ سوچتے ہیں کہ یسوع اُن سے یہی چاہتا ہے۔ لیکن یسوع کہتا ہے کہ جو لوگ اُس سے محبت کرتے ہیں اور اُس کے پیچھے چلتے ہیں وہ وہی کریں گے جو وہ کہتا ہے۔ وہ ایسا اِس لئے نہیں کہتا کی لوگ اُس کی تعلیمات پر عمل کر کے آسمان کی بادشاہی حاصل کریں بلکہ وہ اِس لئے کہتا ہے تاکہ وہ اُس کی فرمانبرداری کر کے اپنی زندگیوں کو مکمل کریں اور با برکت ہوں۔ پہاڑ ی واعظ میں اُس کی تعلیم اُن لوگوں کے کردار کو بیان کرتی ہے جو یسوع کے پیچھے چلناچاہتے ہیں اور اُس کی تعلیمات پر عمل کرتے ہیں۔

قدم ۱ اِس حصّہ کو دو مرتبہ دیکھیں۔

قدم ۲ گروہ کے رُکن سے کہیں کہ وہ اِ س حصّہ کے واقع کو اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

قدم ۳ گروہ کو اجازت دیں کہ واقعہ میں کوئی بات رہ گئی ہو یا کوئی درستگی ہو تو وہ کریں۔

قدم ٤ گفتگو کے سوالات:

۱۔ واقعہ کے بارے میں آپ کو سب سے زیادہ کیا پسند آیا؟ کونسی چیز آپ کی توجہ کا مرکز رہی؟

۲۔ آپ کیا سوچتے ہیں کہ لوگ کیوں امیر بننا چاہتے ہیں؟ آپ کے خیال میں یسوع نے پیسے کے بارے میں بات کرنے میں اتنا وقت کیوں گزارا؟

۳۔ جن لوگوں نے یسوع کی منادی کو سنا اُن لوگوں نے اِس پر کیا ردعمل ظاہر کیا؟

٤۔ لفظ "رحم" کا کیا مطلب ہے؟ آپ کے خیال میں خدا لوگوں پر کیسے رحم کرتا ہے؟

٥۔ لوگوں کو معاف کرنا مشکل کیوں ہے جب کہ اُنہوں نے آپ کو تکلیف پہنچانے کے کام کیے ہیں؟ کیا خدا کے لیے ہمیں معاف کرنا مشکل ہے؟

٦۔ اِس حوالے میں یسوع کی تعلیم کی بنیاد پر، آپ لوگوں کا فیصلہ کرنا اور ان کی مذمت کرنا کیوں غلط سمجھتے ہیں؟

اپنے سمارٹ فون پر یہ حصّے دیکھنے کے لیے اِس کوڈ کا استعمال کریں۔ دیگر زبانوں میں فلم یسوع ویب سائٹ پر دستیاب ہیں

## نتیجہ
یسوع نے دوبارہ خبردار کیا کہ دولت آپ کو آسمان کی بادشاہی سے کیسے دور رکھ سکتی ہے۔ یسوع ہمیں یاد دلاتا ہے کہ خدا رحم کرنے والا ہے اور ہمیں دوسروں پر رحم کرنا بھی ہے۔ یسوع ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ہمیں دوسروں کو معاف کرنا ہے کیونکہ ہمیں معاف کر دیا گیا ہے۔ یسوع دوسروں کا انصاف کرنے اور ریاکار بننے کے خلاف خبردار کرتا ہے کیونکہ ہم بھی وہی ہو سکتے ہیں جن کا ہم فیصلہ کرتے ہیں۔

---

آگے دیکھیں

## اطلاق
